2025-08-29

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نِکِتا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی جاپان کے دو دن کے دورے پر ٹوکیو پہنچ گئے ہیں۔ وہ آج 15وِیں بھارت - جاپان سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

2- بھارت نے دنیش پٹنائک کو کناڈا میں نیا ہائی کمشنر مقرر کیا ہے۔ کناڈا نے بھی نئی دلی میں اپنے نئے ہائی کمشنر کی حیثیت سے سرکردہ سفارتکار کرسٹوفر Cooter کو نامزد کیا ہے۔

3- یوکرین پر روس کے فضائی حملوں میں راجدھانی کیف میں 23 افراد مارے گئے ہیں۔

4- آج ہاکی کے ممتاز کھلاڑی میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش پر کھیلوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

5- مردوں کا ایشیا ہاکی کپ ٹورنامنٹ آج بہار میں Rajgir کے مقام پر شروع ہو رہا ہے۔

6- اور: احمد آباد میں دولتِ مشترکہ ویٹ لفٹنگ چیمپین شپ میں اجے بابو Valluri نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Japanؐ

وزیراعظم نریندر مودی آج ٹوکیو میں 15وِیں بھارت-جاپان سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی جاپان کے دو دن کے سرکاری دورے پر آج صبح ٹوکیو پہنچے ہیں۔ جاپان کے وزیراعظم Shigeru Ishiba کی دعوت پر اُن کا یہ دورہ ہو رہا ہے۔

سربراہ ملاقات کے دوران دونوں لیڈر باہمی تعلقات کے تمام تر پہلوؤں کا جائزہ لیں گے اور خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری کے نئے مرحلے کو آگے لے جانے کے طور طریقوں پر تبادلۂٰ خیال کریں گے، جس میں گذشتہ 11 سال کے دوران لگاتار پیش رفت ہوئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Om Awasthi

ٹوکیو کے ہوٹل پہنچنے پر بھارتی برادری کے لوگوں نے نعرے لگاتے ہوئے جناب مودی کا پُرجوش انداز سے استقبال کیا۔ اُن کے اعزاز میں کتھک اور کلاسیکی موسیقی کا بھی اہتمام کیا گیا۔ بھارت- جاپان سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کرنے سے پہلے وزیراعظم ایک کاروباری میٹنگ میں بھی شریک ہوں گے۔ جاپان کی غیر ملکی تجارت کی تنظیم کے ایگزیکیوٹیو نائب صدر Kazuya Nakajo نے کہا ہے کہ جناب مودی کا جاپان کا دورہ صحیح وقت پر ہو رہا ہے۔ اُن کے سروے کے مطابق بھارت میں کام کرنے والی 80 فیصد سے زیادہ جاپانی کمپنیاں اگلے ایک دو سال میں بھارت میں اپنا کاروبار بڑھانے کی خواہشمندہیں۔

Byte: Kazuya Nakajo

جناب مودی آج بعد میں جاپان کے اپنے ہم منصب Shigeru Ishiba کے ساتھ سالانہ سربراہ میٹنگ میں شامل ہوں گے۔ اِس موقع پر کئی مفاہمت ناموں پر دستخط کیے جانے کی امید ہے، جس میں دفاع، سیکیورٹی، تجارت، معیشت، تکنیک اور اختراع جیسے اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اِس کے بعد جناب مودی میڈیا سے خطاب کریں گے۔

ٹوکیو سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

اِس سے قبل روانگی کے اپنے بیان میں جناب مودی نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ جاپان اور چین کے اُن کے دورے سے بھارت کے قومی مفادات اور ترجیحات کو تقویت ملے گی اور علاقائی اور عالمی امن و سلامتی نیز پائیدار ترقی کو آگے لے جانے کی خاطر مفید اشتراک میں مدد ملے گی۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ جاپان کے وزیراعظم Shigeru Ishiba اور وہ تعاون کو پروان چڑھانے، بھارت - جاپان اقتصادی اور سرمایہ کاری رابطوں کا دائرہ بڑھانے نیز نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے شعبے میں اشتراک کو فروغ دینے کے لیے کام کریں گے، جس میں آرٹیفیشیل انٹلی جینس اور سیمی کنڈکٹرس کے شعبے شامل ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ اُن کا یہ دورہ تہذیبی رشتوں اور ثقافتی تعلقات کو مستحکم کرنے کا بھی ایک موقع فراہم کرے گا، جو دونوں ملکوں کے عوام کو جوڑتے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جاپان سے وہ چین جائیں گے جہاں Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وہ چین کے صدر Xi Jinping کی دعوت پر وہاں جائیں گے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت مذکورہ تنظیم کا ایک سرگرم اور تعمیری ممبر ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے اور علاقائی اشتراک کو وسعت دینے کی خاطر شنگھائی تعاون تنظیم کے ممبر ملکوں کے ساتھ کام کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ وہ اِس سربراہ کانفرنس کے موقع پر چین کے صدر Xi Jinping، روس کے صدر ولادیمیر پُتن اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات کرنے کے منتظر ہیں-x

## India Canada Ambassdors

بھارت نے کناڈا میں اگلے ہائی کمشنر کی حیثیت سے دنیش پٹنائک کے تقرر کا اعلان کیا ہے، جو فی الحال اسپین میں بھارتی سفیر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ وزارت خارجہ کے مطابق سال 1990 بیچ کے انڈین فارن سروس کے افسر جناب پٹنائک جلد ہی اپنی نئی ذمہ داری سنبھالیں گے۔

اُدھر کناڈا نے بھی اپنے سرکردہ سفارتکار کرسٹوفر Cooter کو نئی دلی میں اپنا نیا ہائی کمشنر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جناب Cooter کو 35 سال سے زیادہ کا سفارتی تجربہ ہے اور وہ ماضیئ قریب میں اسرائیل میں کناڈا کے سفارتخانے کے ناظم الامور کے طور پر کام کر چکے ہیں۔

جناب دنیش پٹنائک کا تقرر، بھارت کی جانب سے Ottawa میں اپنے ہائی کمشنر کو واپس بلائے جانے کے 10 مہینے سے زیادہ کے عرصے کے بعد ہوا ہے۔

بھارت کے تئیں کناڈا کے سابق وزیراعظم Justin Trudeau کی لگاتار مخاصمت کے تناظر میں ہائی کمشنر کو واپس بلایا گیا تھا۔ بھارت نے اکتوبر 2024 میں Justin Trudeau کے متنازعہ بیان سے پیدا کشیدگی کے بعد یہ قدم اٹھایا تھا۔

البتہ کناڈا کے وزیراعظم کی حیثیت سے Mark Carney کے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے تعلقات میں بہتری کے آثار نظر آ رہے ہیں۔x

## Odisha Parliamentary Committee

آج بھوبنشور میں درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کی دو روزہ قومی کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اس کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ اس میں ملک بھر کے 240 سے زیادہ مندوبین کے شرکت کرنے کا امکان ہے۔×

## Delhi Police LG Order

دلّی پولیس نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ لیفٹننٹ گورنر کے حالیہ نوٹیفکیشن کو، جس میں راجدھانی کے سبھی پولیس اسٹیشنوں کو، پولیس اہلکاروں کی جانب سے ثبوت دینے اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے عدالتوں کے سامنے گواہی دینے کے لیے نامزد کیا گیا تھا، اُسے سبھی فریقوں کو سننے کے بعد ہی نافذ کیا جائے گا۔ ایک بیان میں پولیس نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اس معاملے پر غور و خوض کے لیے Bar کے ممبران سے ملاقات کریں گے۔ اس ماہ کی 13 تاریخ کو دلّی کے لیفٹننٹ گورنر نے نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، جس میں قومی راجدھانی کے سبھی پولیس اسٹیشنوں کو اُن مقامات کے طور پر نامزد کیا گیا تھا، جہاں پولیس اہلکار ثبوت پیش کر سکتے ہیں اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے عدالتوں کے سامنے گواہی دے سکتے ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## Russia Missile Strike

یوکرین کے شہر کیف میں روس کے حملوں میں مرنے والوں کی تعداد 23 ہوگئی ہے۔ کم از کم 48 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ یوکرین کے حکام نے یہ جانکاری دی ہے۔

شہر میں زوردار دھماکے ہونے سے سات ضلعوں میں عمارتوں کو نقصان پہنچا، جن میں یوروپی یونین مشن اور  برٹش کونسل کا ہیڈ کوارٹر شامل ہے۔

بچاؤ ٹیمیں ملبے کے نیچے پھنسے ہوئے لوگوں کو ڈھونڈنے کے لیے تلاش کی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہیں اور مرنے والوں کی تعداد بڑھنے کا اندیشہ ہے۔

کیف کی فضائی فوج نے اطلاع دی ہے کہ روس نے رات میں تقریباً 600 ڈرون اور 31 میزائل داغے، جو لڑائی شروع ہونے کے بعد سے اب تک کے سب سے بڑے حملوں میں سے ایک ہے۔

یوکرین کے صدر زیلنسکی نے اِس حملے کی مذمت کرتے ہوئے اِسے وحشیانہ اور عام شہریوں کی دانستہ ہلاکت قرار دیا ہے۔

اُدھر یوروپی یونین کی ترجمان نے کہا کہ کسی بھی سفارتی مشن کو نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے اور اِس حملے کے تناظر میں برسلز میں روس کے سفارتخانے کے ناظم الامور کو طلب کیا جا رہا ہے۔

روس کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اُس نے طویل دوری کے ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے یوکرین کے فوجی صنعتی کمپلکس میں فوج کے فضائیہ کے اڈّوں اور کمپنیوں کے خلاف حملہ کیا۔ کریملن کے ترجمان Dmitry Peskov نے کہا ہے کہ روس اب بھی قیامِ امن بات چیت کا خواہشمند ہے لیکن ساتھ ہی انھوں نے لڑائی کے تعلق سے زور دے کر یہ بھی کہا کہ خصوصی فوجی کارروائی جاری ہے۔x

## National Sports Day

آج کھیلوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال 29 اگست کو عظیم ہاکی کھلاڑی میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

کھیلوں کے قومی دن 2025 کا موضوع ہے: ”پُرامن اور سبھی کی شمولیت والے معاشرہ کے فروغ کے لیے کھیل“۔

اِن تقریبات کے تحت فِٹ انڈیا مشن 29 سے 31 اگست تک تین روزہ ملک گیر تقریب کا انعقاد کرے گا۔ ایک گھنٹہ کھیل کے میدان میں جیسی مہم، لوگوں کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کریں گی کہ وہ روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ Outdoor گیمز اور جسمانی سرگرمی کے لیے وقف کریں۔x

## Hockey Asia Cup

ہاکی کے سرکردہ کھلاڑی میجر دھیان کے یومِ پیدائش پر کھیلوں کے قومی دن پر بہار کے راجگیر میں آج مردوں کے بارہویں ایشیاء ہاکی کپ 2025 کا آغاز ہوگا۔ بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار آج دوپہر اس چیمپئن شپ کا باضابطہ افتتاح کریں گے۔ اس ٹورنامنٹ میں 8 سرکردہ ایشیائی ملک حصہ لے رہے ہیں، جن میں بھارت، جاپان، چین، قزاخستان، ملیشیاء، کوریا، بنگلہ دیش اور چینی تائی

پے شامل ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ اس لیے بھی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ FIH ہاکی عالمی کپ 2026 کے لیے کوالیفائر ہوگا۔ 7 ستمبر کو فائنل میچ تک کُل 24 مقابلے کھیلے جائیں گے۔

بھارتی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ اُن کی ٹیم عالمی کپ کے لیے کوالفائی کر لے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیم میچ کے دوران ہر موقعے کو گول میں تبدیل کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی۔

S/B - Harmanpreet

PM Hockey Asia Cup

وزیر اعظم نریندر مودی نے مردوں کے ہاکی ایشیاء کپ 2025 میں حصہ لینے والی سبھی ٹیموں، کھلاڑیوں، اہلکاروں اور ایشیاء میں اس کے مدّاحوں کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ہاکی کو ہمیشہ سے بھارت اور ایشیاء میں لاکھوں دلوں میں ایک منفرد مقام حاصل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خوشی کا موقع ہے بہار، مردوں کے ہاکی ایشیاء کپ 2025 کی میزبانی کر رہا ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ حالیہ عرصے میں بہار کھیلوں کے ایک اہم مرکز کے طور پر اُبھرا ہے اور اُس نے کھیلو انڈیا یوتھ گیمز 2025، ایشیاء رَگبی انڈر ٹوئنٹی Sevens چیمپئن شپ 2025 اور خواتین کی ایشیائی چیمپئنس ٹرافی 2024 کی مزبانی کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس سے بہار کے بڑھتے بنیادی ڈھانچے، زمینی سطح پر جوش و خروش اور مختلف کھیلوں میں ہُنر کو فروغ دینے کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔×

Weightlifting C'Ships

دولت مشترکہ ویٹ لِفٹنگ چیمپئن شپس میں، اجے بابو Valluri نے سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ ساتھ ہی، احمد آباد میں بھارتی کھلاڑیوں نے اپنی اچھی کارکردگی کو برقرار رکھا۔ مردوں کے 79 کلو گرام زمرے میں، اجے بابو نے کُل 335 کلو گرام وزن اٹھاتے ہوئے ملیشیا کے محمد Erry، جنہوں نے 333 کلو گرام وزن اٹھایا اور نائیجیریا کے Adedapa Adeleke، جنہوں نے 306 کلو گرام وزن اٹھایا، کو شکست دی۔

اس فتح کے ساتھ بابو نے آئندہ سال گلاسگو میں ہونے والے دولتِ مشترکہ کھیلوں کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔×

Shooting C'Ships

کل قزاخستان کے Shymkent میں سولہویں ایشیائی شوٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت نے مردوں کے 25 میٹر اسٹینڈرڈ پسٹل مقابلوں میں انفرادی اور ٹیم دونوں سونے کے تمغے جیتے۔

انفرادی مقابلے میں Rio کے اولمپئن گُرپریت سنگھ نے اپنا پہلا بین الاقوامی سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ امن پریت سنگھ نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اس جوڑی نے ہرش گپتا کے ساتھ اسی زمرے میں ٹیم کا سونے کا تمغہ بھی جیتا۔

بھارت نے جونیئر مقابلے میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ بھارت نے 50 میٹر رائفل Prone جونیئر ٹیم اور 25 میٹر اسٹینڈرڈ پسٹل جونیئر مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔×

HP Weather

ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش کا سلسلہ جاری ہے اور کل رات سے راجدھانی شملہ سمیت ریاست کے زیادہ تر حصوں میں بارش کی خبر ہے۔ بارش سے متاثرہ علاقوں میں معمولاتِ زندگی بحال کرنے کی خاطر کوششیں جاری ہیں۔ چمبا ضلعے کے مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے، منی مہیش عقیدتمندوں کو محفوظ مقامات پر پہنچا دیا گیا ہے۔ موسلا دھار بارش سے متاثرہ علاقوں میں بجلی اور انٹرنیٹ خدمات بحال کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے

V/C - Prabha

چمبا پٹھان کوٹ شاہراہ پر ٹریفک آمدورفت بحال ہونے کے بعد منی مہیش یاترا کے راستے پر پھنسے ہوئے تقریباً 7 ہزار افراد بحفاظت اپنے گھروں تک پہنچ گئے ہیں۔ اس کے علاوہ Bharmour میں پھنسے ہوئے تقریباً 3 ہزار عقیدتمند پوری طرح خیر و آفیت سے ہیں اور اُنہیں واپس بھیجنے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے۔ چمبا شہر میں انٹرنیٹ خدمات بحال کر دی گئی ہیں۔ اس دوران ریاستی اسمبلی کے اسپیکر کُلدیپ سنگھ پٹھانیہ اور PWD کے وزیر وِکرمادتیہ سنگھ صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے آج چمبا ضلعے کا دورہ کریں گے۔ موسمیات کے محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ ریاست میں 3 ستمبر تک مانسون کی بارش جاری رہے گی۔

شملہ سے پربھا شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں …………

Punjab Floods

پنجاب میں کئی ضلعوں، خاص طور پر سرحدی ضلعے گرداس پور میں سیلاب کی وجہ سے سینکڑوں گاؤں متاثر ہوئے ہیں۔ پھنسے ہوئے لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچانے کے لیے بچاؤ کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ بھارتی فوج، BSF، NDRF اورSDRF کے ساتھ ساتھ پنجاب پولیس اور رضاکاروں نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے تقریباً چھ ہزار 600 افراد کو بچاکر باہر نکالا ہے۔

متاثرہ لوگوں کے لیے ریاستی سطح کا کنٹرول روم نمبر دن رات کام کر رہا ہے۔ یہ نمبر ہے:

صفر ایک آٹھ ایک - دو دو چار - صفر صفر - چھ چار

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Rajesh Bali

ریاست میں 830 سے زیادہ گاؤوں پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔ اِن میں سب سے زیادہ 202 گاؤں گرداس پور میں اور 107 کپورتھلہ میں ہیں۔ اِس کے علاوہ امرتسر، پٹھان کوٹ، فیروزپور، فاضلکا، ہوشیارپور اور کچھ دیگر ضلعے بھی شامل ہیں۔

ریاست کے وزیراعلیٰ بھگوت مان نے امرتسر میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ اِس قدرتی آفت کی وجہ سے ریاست کو کافی نقصان ہوا ہے۔ اِدھر ریاستی کابینہ اور سبھی ارکان اسمبلی نے سیلاب کے تناظر میں راحت کوششوں کے لیے اپنی ایک مہینے کی تنخواہ عطیے میں دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

موسمیات محکمے نے ریاست کے کچھ حصوں میں آج سے تیز بارش کے امکان کے مدنظر پھر سے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج اروناچل پردیش، ساحلی کرناٹک، مدھیہ مہاراشٹر اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے گجرات، کرناٹک، کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، مدھیہ پردیش، مغربی بنگال، سکم، تلنگانہ اور وِدربھ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ملک کے شمال مشرقی حصے میں بھی اسی طرح کی صورتحال کا امکان ہے۔ اس دوران IMD نے کہا ہے کہ ملک کے شمال مغربی حصے، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور پنجاب میں شدید بارش ہو سکتی ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمند علی خان

شکریہ - نِکِتا

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیش تر اردو اخباروں کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

روزنامہ پرتاپ اور روزنامہ ملاپ نے جن دھن یوجنا کے 11 سال مکمل ہونے پر وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ جن دھن یوجنا نے لوگوں کو اپنی قسمت خود سنوارنے کا موقع دیا۔ اس نے آخری قطار میں کھڑے لوگوں کو بھی مالیاتی نظام سے جوڑا۔

وزیراعظم کے 7 سال بعد چین کے دورے پر جانے سے متعلق خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور انقلاب نے اولیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے شہ سرخی لگائی ہے: شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے موقع پر مودی کی شی جن پنگ سے ہوگی ملاقات۔ دو طرفہ تعلقات کے دوبارہ پٹری پر آنے کی امید۔

وزیراعظم نریندر مودی کی آج جاپان کے دورے پر روانہ ہونے سے متعلق خبر کو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے کہ وزیراعظم مودی کا جاپانی وزیراعظم کی دعوت پر جاپان کا دو روزہ دورہ کئی لحاظ سے تاریخی اور یادگار ثابت ہونے والا ہے۔

صدر جمہوریہ کا دو روزہ تمل ناڈو دورہ 2 ستمبر سے، سیکیورٹی کے سخت انتظامات۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

سینسکس میں کُل تقریباً 700 پوائنٹس کی گراوٹ کی خبر کو بیش تر اخباروں نے بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ چین کی فوجی پریڈ میں 26 عالمی رہنما مدعو

_ فرانس میں حکومت نے اسپتالوں کو جنگ کی تیاری کے لیے الرٹ رہنے کا حکم دیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

-1 وزیراعظم نریندر مودی جاپان کے دو دن کے دورے پر ٹوکیو پہنچ گئے ہیں۔ وہ آج 15ویں بھارت - جاپان سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

-2 بھارت نے دنیش پٹنائک کو کناڈا میں نیا ہائی کمشنر مقرر کیا ہے۔ کناڈا نے بھی نئی دلی میں اپنے نئے ہائی کمشنر کی حیثیت سے سرکردہ سفارتکار کرسٹوفر Cooter کو نامزد کیا ہے۔

-3 یوکرین پر روس کے فضائی حملوں میں راجدھانی کیف میں 23 افراد مارے گئے ہیں۔

-4 آج ہاکی کے ممتاز کھلاڑی میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش پر کھیلوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

-5 مردوں کا ایشیا ہاکی کپ ٹورنامنٹ آج بہار میں Rajgir کے مقام پر شروع ہو رہا ہے۔

-6 اور: احمد آباد میں دولتِ مشترکہ ویٹ لفٹنگ چیمپین شپ میں اجے بابو Valluri نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------